**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
Central Media Department

# خفیہ ایجنسیوں کی عدالتی امور میں غیر قانونی اور غیر آئینی مداخلت کے حوالے سے اسلام آباد ہائیکورٹ کے 6 ججز کے چیف جسٹس آف پاکستان کو لکھے گئے خط کا معاملہ

26مارچ2024

- پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے خط کے مندرجات نہایت ہوش رُبا، پریشان کن اور تشویشناک قرار
- چیف جسٹس آف پاکستان سے فوری نوٹس اور کارروائی کی استدعا
- ہائیکورٹ کے ججز کے مراسلے نے خفیہ ایجنسیوں اور ریاستی اداروں کی غیر قانونی اور غیر آئینی سرگرمیوں کے حوالے سے بانی چیئرمین عمران خان اور تحریک انصاف کے مؤقف کی صداقت پر مہرِ تصدیق ثبت کی ہے۔
- وزیراعظم عمران خان سمیت تحریک انصاف کے سابق وفاقی وزراءاور مرکزی رہنماؤں کے گھروں پر اسی طرح جاسوسی کے آلات لگائے گئے جس کی شکایت خط میں کی گئی ہے۔
- گزشتہ 75 برس کے دوران بالعموم جبکہ پچھلے 23 ماہ کے دوران ان ایجنسیوں اور اداروں کی غیر دستوری سرگرمیوں سے پاکستان آئین و قانون، بنیادی انسانی حقوق اور جمہوریت کا مقتل بن کر رہ گیا ہے۔

Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

- خفیہ ایجنسیوں اور ریاستی اداروں کی بے لگام مداخلت سے عوامی مینڈیٹ پر ملکی تاریخ کا سب سے بڑا ڈاکہ ڈالا گیا اور عوام کی منتخب اکثریت کو جبراً اقلیّت میں بدل کر نشانہ انتقام بنا دیا گیا۔
- دستور و قانون کی پابند ہونے کی بجائے ان ایجنسیوں اور ان سے وابستہ شخصیات کی جانب سے آئین و قانون کی مجرمانہ بے توقیری نے پاکستان کو عملاً جنگل کے نظام کے سپرد کیا ہے۔
- سول سوسائٹی کے افراد، صحافی، سرکاری حکام، ججز اور صحافیوں سمیت معاشرے کا کوئی طبقہ اور گروہ اس شرمناک مداخلت سے محفوظ نہیں۔
- وقت آگیا ہے کہ ملک میں رائج اس مکروہ روایت کیخلاف فیصلہ کن اقدام کیا جائے اور خفیہ ایجنسیوں اور ریاستی اداروں کو دستور و قانون کا پابند بنایا جائے۔
- پاکستان تحریک انصاف ہائیکورٹ کے معزز ججز کی معروضات اور ان کی چیف جسٹس آف پاکستان سے استدعا کی اصولی حمایت کرتی اور ان سے فوری اور فیصلہ کن اقدام کی اپنی دیرینہ استدعا کا اعادہ کرتی ہے۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ